اس درمیان میں انگریزی اور اردو میں بعض بہت اچھی اور معلومات افزا کتابیں طبع ہوگئی ہیں۔ تاہم اس رسالہ کی اہمیت اپنی جگہ پر ہے۔

مقالات احسان از جناب مرزا احسان احمد صاحب وکیل۔ تقطیع کلاں۔ کتابت، و طباعت اعلیٰ۔ قیمت ندارد۔ پتہ: دارالمصنفین۔ اعظم گڑھ۔ مرزا صاحب اردو زبان کے مشہور ادیب، شاعر اور نقاد ہیں اور معارف میں آپ کے متعدد مقالات شائع ہوکر ارباب علم و ادب کے حلقہ میں بڑی دل چسپی سے پڑھے گئے ہیں۔ یہ کتاب موصوف کے سولہ مضامین کا مجموعہ ہے۔ جن میں دو مقالے مولانا شبلی کی فارسی شاعری اور تنقید نگاری پر اور چند مضامین جگر مرادآبادی۔ اصغر گونڈوی، فانی، سہیل، اثر لکھنوی، دل شاہجہانپوری۔ اور حبیب احمد صدیقی کی شاعری اور ان کے فن پر ہیں اگرچہ اب شاعری اور تنقید دونوں نے ایک نیا ماحول اور نیا معیار پیدا کرلیا ہے اور "جدیدیت" نے وہ ایک طوفان اٹھایا ہے کہ لوگ شبلی اور حالی کو بھولنے لگے ہیں۔ تاہم مرزا صاحب کے مقالات اپنا ایک مقام رکھتے ہیں اور امید ہے کہ سنجیدہ ادبی طبقوں میں دل چسپی سے پڑھے جائیں گے۔

درود اعلیٰ از حکیم سید مصلح الدین صاحب ثاقب تقطیع خورد۔ ضخامت ۹۶ صفحات کتابت و طباعت بہتر۔ قیمت درج نہیں۔ پتہ مصنف محلہ پہاڑپور۔ اعظم گڑھ۔ اس کتابچہ میں پہلے درود کے فضائل پر کچھ احادیث مع اردو ترجمے کے نقل کی گئی ہیں۔ اور پھر لائق مولف نے ایک طویل درود منثر غیر منقوط میں عربی میں خود تصنیف کیا ہے۔ درود جس کا مقصد کسب سعادت اور حصول اجر و ثواب ہے۔ اس میں کسی قسم کا تکلف اور آورد نہیں ہونا چاہیے اور درود وہی اعلیٰ ہیں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم یا صحابۂ کرام سے منقول ہیں۔ تاہم لائق مولف نے اپنی جس استعداد اور فن کا مظاہرہ کیا ہے اس کا اعتراف ضروری ہے اور درود شریف پر ان کی یہ محنت ان کے حب نبوی کی بھی دلیل ہے۔

مکاتیب بہادر یار جنگ۔ تقطیع خورد ضخامت ۱۵۴ صفحات۔ کتابت و طباعت معمولی قیمت: ۵۰/۱ روپے۔ پتہ: ادبی ٹرسٹ بکڈپو۔ کنارا بنک بلڈنگ عابد روڈ۔ حیدرآباد۔ دکن